2/03/2026 12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں مشاہد حسین

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں کل شام نئی دلی میں حفاظتی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی ۔ اس دوران کمیٹی کو مشرق وسطی کی تازہ صورتحال سے متعلق جانکاری دی گئی ۔ کمیٹی نے خطے میں موجود بھارتی شہریوں کو در پیش مشکلات کا جائزہ لینے کے علاوہ مغربی ایشیاءکی صورتحال کے خطے پر پڑنے والے اثرات کا بھی جائزہ لیا ۔ خطے میں موجود بھارتی شہریوں کی Gulf کابینہ کمیٹی نے سبھی متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ تمام تر امداد یقینی بنانے کے لئے سرگرم کوششیں کریں اور ساتھ ہی سبھی فریقین پر زور دیا گیا کہ وہ افہام و تفہیم کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کرنے کی کوشش کریں ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ آتم نر بھر بھارت ایک قومی بیداری مہم اور اقتصادی انقلاب کا عکاس ہے ۔ جموں میں فیڈریشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری آف انڈیا FTII کے اہتمام سے منعقدہ " آتم نر بھر بھارت " کے موضوع پر ایک تقریب پر کلیدی خطبہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا اب بھارت پر عالمی تجارت کے اعتماد کی عکاسی کرتا ہے ۔ انہوں نے آتم Made In India کہ نر بھر بھارت کو کامیاب بنانے کے لئے معیار ، اختراعیت اور اعتماد کو بروئے کار لانے کی ضرورت پر زور دیا ۔

------LG---------

LG میٹنگ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل جموں کشمیر کی سکیورٹی صورتحال کا ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں جائزہ لیا ۔ انہوں نے کہا کہ امن ہم سب کی ایک اجتماعی ذمہ داری ہے اور اس دوران انہوں نے سماج کے سبھی طبقوں سے اپیل کی ہے کہ وہ امن و امان کو بر قرار رکھیں۔ ایل جی نے کہا کہ حکومت مغربی ایشیا ءکی صورتحال پر نظر بنائے ہوئے ہے اور سینئر حکومتی عہدیدار جموں کشمیر کے طلباءاور شہریوں کی وطن واپسی کے لئے وزارت خارجہ کے ساتھ رابطہ

بنائے ہوئے ہیں۔ میٹنگ میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو، پولیس سربراہ نلن پربھات اور دیگر سینئر عہدیداروں نے شرکت کی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایران میں جاری حالات خاص طور سے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنائی کے جان بحق کئے جانے کے بعد ابھرنے والی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی حکومت وزارت خارجہ کے ساتھ لگاتار رابطے میں ہے تاکہ ایران میں مقیم جموں و کشمیر کے باشندوں کی حفاظت اور وطن واپسی یقینی بنائی جا سکے ۔ انہوں نے سماج کے سبھی طبقوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پُر امن رہیں اور ایسی حرکات سے باز رہیں جو نقصِ امن کا باعث بن سکتی ہےں ۔ وزیر اعلیٰ نے پولیس اور سول انتظامیہ سے بھی کہا ہے کہ وہ طاقت یا غیر ضروری بندشیں عائد کرنے سے احتراز کریں ۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سریندر چودھری نے نوشہرہ سب ڈویژن راجوری میں کل کئی مقامات پر عوامی میٹنگوں کی صدارت کرتے ہوئے عوامی شکایات اور مطالبات کی سماعت کی ۔ انہوں نے نوشہرہ سب ڈویژن میں جاری ترقیاتی پروجیکٹوں کا بھی بر سر موقعہ جائزہ لیا ۔ عوامی شکایات سننے کے بعد نائب وزیراعلیٰ نے لوگوں کو یقین دہانی کی کہ ان کے جائز مطالبات کو پورا کرنے کے لئے فوری کاروائی کی جائے گی ۔

ریلوے

ہولی " کے تہوار کے پیش نظر شمالی ریلوے نے جموں ڈویژن کے مسافروں کی راحت رسانی " کے لئے کئی اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا ہے ۔ ڈویژنل منیجر شمال ریلوے وِویک کمار کی ہدایت پر مسافروں اور سیاحوں کے بھاری رش کے پیش نظر خصوصی ریل سروس چلائی جائے گی تاکہ مسافروں کو کسی دقت کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔ شمالی ریلوے نے مسافروں کے سفر کو آسان بنانے کے لئے بھی کئی طرح کی سہولیات فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے ۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

ACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا نمبر 9419678060 ہے ۔ اس بارے میں ACB کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****